# جعلی پیرنیوں نے جن نکالنے کیلئے کمسن بچی کو دیوار سے پٹخ کر مار دیا

## مظفر گڑھ میں 3 سالہ عمیرہ کو اسکی والدہ دم کرانے لیکر گئی تھیں، پولیس نے 2 خواتین کو گرفتار، مقدمہ درج کرلیا

مظفر گڑھ، شاہ جمال (نمائندہ جنگ، نامہ نگار) جن نکالنے کیلئے پیرنیوں کے تشدد سے 3 سالہ بچی جاں بحق ہوگئی۔ مظفر گڑھ میں 3 سالہ عمیرہ کو اسکی والدہ دم کرانے لیکر گئی تھیں، پولیس نے 2 خواتین کو گرفتار، مقدمہ درج کرلیا تفصیلات کے مطابق شاہ جمال مظفر گڑھ میں جعلی پیرنیوں کے مبینہ تشدد سے 3 سالہ بچی جاں بحق ہوگئی، پولیس کے مطابق بچی کی والدہ اور دادی طبیعت خراب ہونے پر بچی کو دم کرانے پیرنیوں رخسانہ بی بی اور زلیخاں بی بی کے پاس لائی تھیں۔ بچی کے والد محمد اعجاز کے مطابق پیرنیوں نے جن نکالنے کا کہہ کر اسکی بیٹی کو زور سے دیوار پر دے مارا جس سے 3 سالہ عمیرہ بی بی دم توڑ گئی، والد کے مطابق پیرنی نے بیٹی کی لاش بھی منہ دیکھے بغیر دفن کرنے کی شرط پر حوالے کی، پولیس کیمطابق دونوں پیرنیوں کو گرفتار کرکے انکے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ریجنل پولیس آفیسر ڈی آئی جی محمد فیصل رانا نے ضلع مظفر گڑھ کے تھانہ شاہ جمال کے علاقہ میں 3 سالہ بچی کی مبینہ تشدد سے ہلاکت کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او سے رپورٹ طلب کرلی۔